نسلی مساوات کے فروغ کے لیے موجودہ اور مجوزہ اقدامات
تفریح و ثقافتی خدمات کا محکمہ

تفریح و ثقافتی خدمات کا محکمہ (LCSD) ہانگ کانگ کی عالمی سطح کے شہر اور تقریبات کے دارالحکومت کے طور پر ترقی کے مطابق معیاری تفریح اور ثقافتی خدمات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے۔ ہم عوام کے نسلی پس منظر سے قطع نظر ، تمام ممبروں کے ذریعہ اپنی خدمات تک یکساں رسائی کو یقینی بنانے کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔

متعلقہ خدمات

- عوام تفریحی اور کھیلوں کی سہولیات بک کرسکتے ہیں اور بکنگ کاؤنٹرز پر تفریحی اور کھیلوں کے پروگراموں میں اندراج کرسکتے ہیں ، باکس آفس پر ثقافتی تقریبات کے ٹکٹ خرید سکتے ہیں اور ہمارے کھیلوں اور ثقافتی مقامات کے ساتھ ساتھ ضلعی تفریحی خدمات کے دفاتر پر سہولیات حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ خدمات چائینیز اور انگریزی دونوں زبانوں میں فراہم کی جائیں گی۔
- عوام ہمارے مقامات اور ضلعی تفریحی خدمات کے دفاتر کے انکوائری کاؤنٹرز (ثقافتی مقامات کے لیے) / بکنگ کاؤنٹرز (تفریحی مقامات کے لیے) ، چائینیز یا انگریزی میں ، ہماری خدمات سے متعلق پوچھ گچھ کرسکتے ہیں اور شکایات درج کراسکتے ہیں۔
- LCSD کی ویب سائٹ پر ہماری خدمات اور سہولیات کے بارے میں معلومات چائینیز اور انگریزی دونوں میں دستیاب ہے۔ تحریری مواد بشمول تشہیری مواد اور پروگرام کی معلومات بھی چائینیز اور انگریزی میں دستیاب ہے۔

موجودہ اقدامات

- نسلی اقلیتی مرکز (CHEER) کے ذریعہ جہاں ضروری اور مناسب ہو ترجمانی کی خدمات کا انتظام کیا جائے گا۔ CHEER آٹھ زبانوں میں ٹیلیفون پر ترجمانی کی خدمات فراہم کرتا ہے ، یعنی بھاسا انڈونیشیا ، ہندی ، نیپالی ، پنجابی ، اردو ، تگالگ ، تھائی اور ویتنامی۔

- مختلف نسل سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو زبان کی خدمات کی دستیابی سے آگاہ کرنے کے لیے ہمارے مقامات اور ضلعی تفریحی خدمات کے دفاتر کے انکوائری کاؤنٹرز (ثقافتی مقامات کے لیے) / بکنگ کاؤنٹرز (تفریحی مقامات کے لیے) پر نوٹسز رکھے گئے ہیں۔ بات چیت سے متعلق امداد جیسے زبان کا شناختی کارڈ ہمارے عملے کو زبان کی مناسب خدمت مہیا کرنے میں معاونت کے لیے دستیاب ہے۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- فرنٹ لائن عملے کے لیے جائزہ لینے اور مزید بہتری لانے کے لیے ہماری زبان کی خدمات کی فراہمی پر اپنے تجربے اور مشاہدات کو ریکارڈ کرنے کے لیے ایک ٹیمپلیٹ تیار کیا گیا ہے۔
- مختلف نسل کے لوگوں سمیت عوام کی رائے / تجاویز کو ریکارڈ کیا جائے گا اور یہ دیکھنے پر غور کیا جائے گا کہ جہاں ضروری اور مناسب ہو وہاں مزید بہتری لائی جاسکتی ہے۔

اضافی اقدامات جو کیے گئے ہیں/ کیے جائیں گے

- عوام کی دلچسپی کے تحریری مواد کے ساتھ ساتھ ان کے ای ورژن کوچائینیز اور انگریزی کے علاوہ دوسری زبانوں میں ترجمہ کرنے پر غور و فکر کیا جاتا ہے۔ LCSD نے پانی کی حفاظت کے مشورے کوسات زبانوں جیسےہندی ، بہاسا انڈونیشیا ، نیپالی ، اردو ، تگالگ ، تھائی اور ویتنامی زبان میں ترجمہ کیا ہے ، جسے LCSD کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیا گیا ہے۔
- LCSD کمیشن برائے یکساں مواقع ، سول سروس کالج اور دیگر متعلقہ غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ گفتگو کرے گا تاکہ عملے کے لیے مناسب تربیت فراہم کی جاسکے , محکمہ کے اقدامات سے ان کی مکمل سمجھ بوجھ کو یقینی بنایا جاسکے , عوام کے تمام ممبران کی، ان کے نسلی پس منظر سے قطع نظر ہماری خدمات تک مساوی رسائی کو یقینی بنایا جاسکے ۔

پوچھ گچھ کے لیے ، براہ کرم ایگزیکٹو آفیسر مس امانڈا سو (جنرل) 3 سے رابطہ کریں۔

ٹیلی فون نمبر: 2601 8900

فیکس نمبر: 2603 0642

ای میل: eog3@lcsd.gov.hk

ڈاک کا پتہ: 13/F., Leisure and Cultural Services Headquarters,
1 – 3 Pai Tau Street, Sha Tin

تفریح و ثقافتی خدمات کا محکمہ

مئی 2023